بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اوجھڑی کھانے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض یہ ہے کہ جانور کی اوجھڑی کھانے کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟ نیز یہ بھی بتادیں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ حافظ قرآن کے لیے اوجھڑی کھانا جائز نہیں، کیا یہ بات درست ہے؟

**سائل:** مہران قاسم، دیر لوئر

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حلال جانور کی جو سات چیزیں حرام ہیں اوجھڑی ان میں شامل نہیں، لہٰذا اوجھڑی حلال ہے۔ خوب صاف کرکے کھاسکتے ہیں۔ حافظِ قرآن بھی اوجھڑی کھا سکتا ہے، جو لوگ منع کرتے ہیں ان کی بات بے اصل ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**21-جولائی 2021ء**